موضوع - 18

# کاغذ کے استعمال میں تخفیف - آلودگی میں تخفیف Cut on paper, cut on pollutants

## مقاصد Objectives

کاغذ کے استعمال میں کفایت شعاری کی عادت ڈالنا

## پس منظر Background


موجودہ ترقی مستقبل کے تعین کی بڑی حد تک ذمہ دار ہے۔ہم سب جانتے ہیں کہ کاغذ' لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔اور ہمیں لکڑی درختوں سے حاصل ہوتی ہے۔ پھر بھی ہم کاغذ بہت زیادہ ضائع کرتے ہیں۔جس شرح پر ہم کاغذ استعمال کررہے ہیں تو عنقریب ہم درخت جیسی بیش قیمت وسیلے کو کھودیں گے۔اس لیے ہمارے لیے یہ ضروری ہوگیا ہے کہ ہم بقدر ضرورت کاغذ کا استعمال کریں جس سے نہ صرف درختوں کا تحفظ کرسکتے ہیں۔ بلکہ کاغذ کی صنعت سے خارج ہونے والے ناکارہ مادوں میں بھی تخفیف کرسکتے ہیں۔

## طریقہ کار Methodology



1۔ کاغذ بنانے کے طریقے سے متعلق معلومات اکٹھا کیجیے۔
2۔ کاغذ بنانے میں مستعملہ ذرائع کیا ہیں انہیں معلوم کیجیے۔اوران ذرائع کی مقدار کے بارے میں بھی معلوم کیجیے
3۔ کاغذ سازی کے ماحول پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں معلوم کیجیے۔
4۔ جماعت نہم کے ایک بچے کی جانب سے استعمال شدہ کاغذ کی مقدار محسوب کیجیے( نوٹ بکس کے لیے )
5۔ کاغذ کے موزوں ومناسب استعمال کے طریقوں پر غور کیجیے مثلاً کاغذ کی دونوں جانب لکھنا وغیرہ جیسے امور پر ایک فہرست تیار کیجیے۔

## استدلالی خلاصہ Conclusion



عوام کا کہنا ہے کہ تمام معلومات کتابوں میں محفوظ کی گئی ہیں۔لہذا کتابیں اور کاغذات اہمیت کے حامل ہیں۔ہم لکھنے کے لیے سفید کاغذ اور نوٹ بکس کا استعمال کرتے ہیں۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

آیئے گذشتہ سال کی کاپیوں میں باقی رہنے والے کاغذ کی مدد سے ایک نئی بڑی نوٹ بک تیار کریں۔ یہ کاپی رف کام اور تصویریں اتارنے کے لیے استعمال ہوسکتی ہے کارآمد ہوگی۔ کاغذ کی دونوں جانب لکھنا، ضرورت پڑنے پر ہی کاغذ استعمال کرنا، اور کاغذ ضائع نہ کرنا ماحول دوست عادتیں ہیں۔ کاغذ ضائع کرنا ایک معنی میں درخت کاٹنے کے مترادف ہے۔ یہ کام ذرائع کو نہ صرف ضائع کرتا ہے بلکہ ماحول کو آلودہ بناتا ہے۔

آپ کی اکٹھا کردہ معلومات پر ایک رپورٹ تیار کیجیے۔ آپ کی رپورٹ پاور پوائنٹ کے طور پر پیش کیجیے۔ منصوبے کے متعلق اخبارات، رسائل میں رپورٹ شایع کروایئے۔

## مزید کاروائی Follow-up

1۔ آپ اپنی رپورٹ کمرہ جماعت میں پیش کیجیے۔ یہ پیش کش پاور پوائنٹ یا چارٹ کو استعمال کرکے بھی ہوسکتی ہے۔

2۔ آپ کے پروجکٹ کی توضیح بھی کی جاسکتی ہے۔ طلبہ ان امور پر اخبارات میں مضامین بھی لکھ سکتے ہیں۔

3۔ استعمال شدہ کاغذ کو استعمال کرکے ڈبے لفافے اور دیگر چیزیں بنائی جاسکتی ہیں۔

4۔ ضائع شدہ کاغذ اور ماحولیاتی آلودگی میں کیا کوئی تعلق پایا جاتا ہے؟ اگر ہے تو وہ کیا ہے؟

5۔ ہم اکثر اوقات کاغذات، پتوں، ڈبوں وغیرہ کو جلاتے ہیں کیا یہ اچھا طریقہ ہے یا نہیں؟ کیوں؟

> کاغذ کی بازگردانی کی وجہ سے گرین ہاؤز گیسوں کے اخراج میں تخفیف کی جاسکتی ہے۔ مادوں کی تحلیل کی وجہ سے میتھین گیس کا اخراج ہوتا ہے۔ جو ایک گرین ہاؤز گیس ہے۔